گورنر وزیر اعلیٰ، وزراء

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Daily: JANG QUETTA

Page No. 1

Dated: 25 SEP 2024

## بلوچستان میں زراعت کے طریقہ کار کو بدلنا ہوگا، گورنر مندوخیل

**نوجوانوں کیلئے زراعت پر مبنی تربیت خوش آئند ہے، خطاب**

**روایتی فریم ورک ہمارے علم اور عمل دونوں کو محدود کرتا ہے، جبکہ سائنٹفک اپروچ اور تخلیقی اطلاق ہم**

کوئٹہ (ج ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ یہ بات طے شدہ ہے کہ روایتی فریم ورک ہمارے علم اور عمل دونوں کو محدود کرتا ہے، جبکہ سائنٹفک اپروچ اور تخلیقی اطلاق ہم سب کیلئے نئی راہیں متعین کرتے تھے، جدید زرعی طریقے اختیار کرنے سے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ پاکستان کے آئل سیڈ ڈیپارٹمنٹ کی نوجوانوں کیلئے جدید زراعت پر مبنی تربیت خوش آئند ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آئل سیڈ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے جدید زراعت پر مبنی ٹریننگ سے متعلق تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین مگسی، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر ہاشم خان غلزئی، وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورالائی پروفیسر ڈاکٹر احسان کاکڑ، یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور بازئی، یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین، صوبائی سیکرٹری، چیف ایگزیکٹو آفیسر پی ای ای ایف باجوہ سہیل اور ڈاکٹر خیر محمد کاکڑ سمیت یونیورسٹی آف لورالائی کے اساتذہ اور طلباء کی بڑی تعداد موجود تھی۔ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جدید زرعی تکنیک کو اپنا کر نہ صرف معیار اور مقدار کو بڑھایا جا سکتا ہے بلکہ ہم مجموعی طور پر نئے امکانات اور مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ یہی جذبہ ہمیں درپیش چیلنجز سے نمٹنے کی صلاحیت اور مشکلات کا نیا حل پیش کرنے کے قابل بنائے گا۔ گورنر نے کہا کہ ہمیں اپنی تمام پالیسیوں اور منصوبوں پر تنقیدی غور کرنے کی ضرورت ہے کہ کیا بلوچستان واقعی زراعت کیلئے موزوں خطہ ہے یا نہیں۔ اگر یہ زراعت کیلئے موزوں ہے تو ہم جدید تقاضوں سے ہم آہنگ زراعت کے طریقہ کار کیوں نہیں اپناتے۔ اگر یہ زراعت کیلئے موزوں نہیں تو پھر متبادل میں ہم کن ذرائع اور مواقعوں کو بروئے کار لا سکتے ہیں۔ بدقسمتی سے ہم آج کے ترقی یافتہ دور میں بھی سبزیوں، پیاز، آلو اور ٹماٹر کی کاشتکاری تک محدود ہیں جبکہ باغات انگور اور سیب وغیرہ تک محدود ہیں۔ مطلب کہنے کا یہ ہے کہ ہم ایسی فصلیں اور باغات کا انتظام کیوں نہیں کرتے جن کو کم پانی کی ضرورت ہوتی ہے یا جن سے ہم کم وقت میں زیادہ پیسہ کما سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف اضلاع میں پانی کی صورتحال گمبھیر ہو چکی ہے، زیر زمین پانی کی سطح اوپر لانے کیلئے ہمیں جامع حکمت عملی وضع کرنا ہوگی۔ اس ضمن میں زیتون کے درخت کو کم پانی کی ضرورت ہوتی ہے اور اس کی آمدنی بہت زیادہ ہے۔ آخر میں گورنر نے تقریب کے منتظمین اور تربیت پانے والے طلباء میں شیلڈز اور اسناد تقسیم کیں۔



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل سے چیئرمین پی ایم یوتھ پروگرام مشہود احمد ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل پاکستان آئل سیڈ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل زراعت پر مبنی ٹریننگ مکمل کرنے والے طلباء میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## جدت کاری کو اپنا کر زراعت کے شعبے میں انقلاب برپا کر سکتے ہیں، جعفر خان مندوخیل

**جدید زرعی طریقے اختیار کرنے سے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوگا، زندگی میں آؤٹ دی باکس سوچنا ہوگا، گورنر بلوچستان**

**ہم ایسی فصلیں اور باغات کا انتظام کیوں نہیں کرتے جن کو کم پانی کی ضرورت ہوتی ہے، شرکاء کا تربیت مکمل کرنے والوں سے خطاب**



گورنر جعفر مندوخیل پاکستان آئل سیڈ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے نوجوانوں کیلئے جدید زراعت پر مبنی ٹریننگ سے متعلق تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا یہ بات طے شدہ ہے کہ روایتی فریم ورک ہمارے علم اور عمل دونوں کو محدود کرتا ہے جبکہ سائنٹفک اپروچ اور تخلیقی اطلاق ہم سب کیلئے نئی راہیں متعین کرتے ہیں، زندگی میں آؤٹ دی باکس سوچنے اور جدت کاری کو اپنا کر ہم زراعت کے شعبے میں انقلاب........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

برپا کر سکتے ہیں، جدید زرعی طریقے اختیار کرنے سے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے آئل سیڈ ڈیپارٹمنٹ کی نوجوانوں کیلئے جدید زراعت پر مبنی تربیت خوش آئند ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان کے آئل سیڈ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے جدید زراعت پر مبنی ٹریننگ سے متعلق تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین مگسی، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی، وائس چانسلر یونیورسٹی آف لورالائی پروفیسر ڈاکٹر احسان کاکڑ، یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور بازئی، یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین، صوبائی سیکرٹری صاحبان، چیف ایگزیکٹو آفیسر BEEF باجوہ سہیل اور ڈاکٹر خیر محمد کاکڑ سمیت یونیورسٹی آف لورالائی کے اساتذہ کرام اور اسٹوڈنٹس کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ تقسیم اسناد کی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جدید زرعی تکنیکوں کو اپنا کر نہ صرف معیار اور مقدار کو بڑھایا جا سکتا ہے بلکہ ہم مجموعی طور پر نئے امکانات اور مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ یہی جذبہ ہمیں درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کی صلاحیت اور مشکلات کا نیا حل پیش کرنے کے قابل بنائے گا۔



THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 53 — بدھ 20 ربیع الاول 1446ھ 25 ستمبر 2024ء — نمبر 263


شاہ زیب رند پوری قوم کا ہیرو

# باصلاحیت نوجوانوں سے ہی ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے، سرفراز بگٹی

بلوچستان کی سرزمین نے ماضی میں بھی ایسے باصلاحیت سپوتوں کو جنم دیا، شاہ زیب کی ہر سطح پر حوصلہ افزائی کی جائیگی، گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شاہ زیب رند جیسے باصلاحیت نوجوانوں سے ہی ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کراٹے کومبیٹ میں ورلڈ ٹائٹل جیتنے والے بلوچستان کے سپوت شاہ زیب رند کا کوئٹہ پہنچنے پر ائیرپورٹ پر استقبال کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، میر عاصم کرد گیلو، وزیر اعلیٰ کی مشیر برائے کھیل مینا مجید بلوچ، مشیر محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری عبدالصمد گورگیج، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، سیکرٹری کھیل قمر بلوچ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات ڈائریکٹر جنرل کھیل یاسر خان بازئی اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے وزیراعلیٰ نے کہا کہ شاہ زیب رند جیسے باصلاحیت نوجوانوں سے ہی ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے بلوچستان کی سرزمین نے ماضی میں بھی ایسے باصلاحیت سپوتوں کو جنم دیا جنہوں نے نہ صرف ملکی بلکہ عالمی سطح پر صوبے اور ملک کا نام روشن کیا اور اس روایت کو بلوچستان کے باصلاحیت نوجوان کھلاڑی شاہ زیب رند جیسے کھلاڑیوں نے جاری رکھا ہوا ہے شاہ زیب رند پوری قوم کا ہیرو ہے جس کی ہر سطح پر بھرپور حوصلہ افزائی کی جائے گی انہوں نے شاہ زیب رند کو جیت کا تسلسل برقرار رکھنے پر مبارکباد دی کہا کہ آپ بلوچستان اور پاکستان کا فخر ہیں انہیں وزیراعلیٰ ہاؤس مدعو کیا۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کراٹے کمبیٹ چیمپئن شاہ زیب رند سے بات چیت کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

روزنامہ مشرق کوئٹہ

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

جلد 53 | بدھ 20 ربیع الاول 1446ھ 25 ستمبر 2024ء صفحات 08 | شمارہ 87 | قیمت 30 روپے | رجسٹرڈ BC-m-11

PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email mashriqqta2008@gmail.com




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود ملاقات کر رہے ہیں

# فرزند بلوچستان ورلڈ چیمپیئن شاہ زیب رند کا کوئٹہ پہنچنے پر شاندار استقبال، وزیراعلیٰ صوبائی کابینہ کے ہمراہ ایئرپورٹ پر موجود

کراٹے کومبیٹ میں جیت کا تسلسل برقرار رکھنے پر اظہار مسرت، باصلاحیت نوجوانوں سے ملک کا مستقبل وابستہ، شاہ زیب رند بلوچستان کا فخر ہے، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ایئرپورٹ پر بات چیت

صوبائی وزراء عاصم کرد گیلو، بخت کاکڑ، مشیر کھیل مینا مجید بلوچ، سردار غلام رسول عمرانی، عبدالصمد گورگیج، ترجمان صوبائی حکومت شاہد رند سمیت دیگر حکام بھی وزیراعلیٰ کے ہمراہ تھے

وزیراعلیٰ نے شاہ زیب رند کو سی ایم ہاؤس مدعو کرلیا، کوئٹہ ایئرپورٹ پر عالمی چیمپیئن کے شاندار اور پرتپاک استقبال پر سپورٹس سے وابستہ حلقوں کا وزیراعلیٰ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اظہار مسرت

پہلی بار ورلڈ ٹائٹل پاکستان آیا، میری جیت بلوچستان کی یوتھ کے لئے موٹیویشن ہے، میرا گول اب دنیا کی ٹاپ لیگز میں کھیلنا اور ورلڈ ٹائٹل جیتنا ہے، ورلڈ چیمپیئن شاہ زیب رند کی میڈیا سے بات چیت

بلوچستان کے کھلاڑیوں میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، صوبے کے کھلاڑیوں کو ہر ممکن سہولیات دے رہے ہیں تاکہ وہ قومی اور عالمی سطح پر صوبے اور ملک کا نام روشن کرسکیں، سیکرٹری کھیل بلوچستان

کوئٹہ (خ ن امنی رپورٹر) حال ہی میں کراٹے کومبیٹ میں ورلڈ چیمپیئن کا ٹائٹل جیتنے والے بلوچستان کے ہونہار فرزند شاہ زیب رند وطن واپس آگئے، منگل کو کوئٹہ پہنچنے پر شاہ زیب رند کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز اور دیگر حکام کے ہمراہ خود ورلڈ چیمپیئن کو ریسیو کرنے پہنچ گئے انہوں نے ملک کے لئے اعلیٰ اعزاز جیتنے پر شاہ زیب رند کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے خود ان کا استقبال کیا، شاہ زیب کو تھپکی دی، گلے سے لگایا اور ہار پہناتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور انہیں وزیراعلیٰ ہاؤس بھی مدعو کرلیا، شاہ زیب رند کا شایان شان استقبال کرنے پر کھیلوں سے......

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کراٹے کومبیٹ لیگ میں کامیابی کا ٹائٹل برقرار رکھنے والے عالمی چیمپیئن شاہ زیب رند کا ایئرپورٹ پر استقبال کر رہے ہیں

وابستہ حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس پر اطمینان کا اظہار کیا ہے واضح رہے کہ شاہ زیب رند نے گزشتہ دنوں تاریخ رقم کرتے ہوئے برازیل کے فائٹر برونو روبرٹو ڈی ایسر کو شکست دی اور پاکستان کو پہلی بار کراٹے کومبیٹ ورلڈ چیمپئن بنایا۔ شاہ زیب رند نے تیسرے راؤنڈ میں ٹیکنیکل ناک آؤٹ کے ذریعے برازیل کے فائٹر کو ہرایا۔ اپنی جیت پر تبصرہ کرتے ہوئے شاہ زیب نے ایکس پر چیمپئن شپ بیلٹ کے ہمراہ تصویر پوسٹ کرتے ہوئے لکھا کہ "خواب سچ ہو گیا"۔ اپنی انسٹاگرام پوسٹ میں ان کا کہنا تھا کہ یہ ایک طویل اور چیلنجنگ سفر رہا ہے، لیکن ہم نے اسے کر دکھایا۔ انہوں نے اس مقام تک پہنچنے میں مدد کرنے کے لیے کئی لوگوں کا شکریہ ادا کیا، جن میں ان کے کوچ، منیجر، خاندان اور ٹیم شامل ہے۔ مکسڈ مارشل آرٹس ایک مکمل رابطے والا کومبیٹ کھیل ہے جس میں مارنا، گریپلنگ اور زمینی لڑائی شامل ہے۔ ایم ایم اے دنیا بھر سے مختلف کومبیٹ کھیلوں کی تکنیکوں کو شامل کرتا ہے۔ عالمی کراٹے کمبیٹ مقابلے میں پاکستان کا نام روشن کرنے والے شاہ زیب رند کے کوئٹہ پہنچنے پر وزیراعلیٰ اور دیگر حکام نے عالمی چیمپیئن کا پرتپاک استقبال کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی کھلاڑی شاہ زیب رند کو کوئٹہ ایئرپورٹ پر خوش آمدید کہا اور گلے سے لگایا، انہوں نے شاہ زیب رند کو جیت کا تسلسل برقرار رکھنے پر مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے شاہ زیب رند سے گفتگو میں کہا کہ آپ بلوچستان اور پاکستان کا فخر ہیں، آپ نے پاکستان کا نام روشن کیا، آپ جیسے باصلاحیت نوجوان سے ہی ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے، بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے آپ ترقی کی روشن مثال ہیں۔ بعدازاں ورلڈ چیمپئن شاہ زیب رند نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں تاریخ رقم ہوئی ہے پہلی بار ورلڈ ٹائٹل پاکستان آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی ایم بلوچستان، سپورٹس سیکرٹری اور دیگر عہدیداران کی جانب سے ویلکم کئے جانے پر مجھے بہت اچھا لگا، میری جیت بلوچستان کے یوتھ کے لئے موٹیویشن ہے، میرا گول اب دنیا کی ٹاپ لیگز میں کھیلنا اور ورلڈ ٹائٹل جیتنا ہے۔ شاہ زیب رند کا کہنا تھا کہ میرا میچ برازیل کے ٹاپ کھلاڑی کے ساتھ ہوا جنہیں میں نے شکست دی اس موقع پر سپورٹس سیکرٹری بلوچستان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، بس سہولیات دینے کی ضرورت ہے جس کی ہم پوری کوشش کر رہے ہیں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کراٹے کومبیٹ لیگ میں کامیابی کا ٹائٹل برقرار رکھنے والے عالمی کھلاڑی شاہ زیب رند کو کوئٹہ پہنچنے پر ہار پہنا رہے ہیں

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

بدھ 20 ربیع الاول 25 ستمبر 2024ء صفحات 8 قیمت 40 روپے

# شاہ زیب رند ہمارا فخر اور نوجوانوں کیلئے ترقی کی روشن مثال ہیں، وزیراعلیٰ

ایسے باصلاحیت نوجوانوں سے ہی ملک کا مستقبل وابستہ ہے، ایئرپورٹ پر مبارکباد، گلے سے لگایا اور وزیراعلیٰ ہاؤس مدعو کیا

**صوبے کے نوجوان انتہائی باصلاحیت ہیں، شاہ زیب رند، بھرپور سپورٹ کرینگے تاکہ آئندہ بھی ملک کا نام روشن کریں، مینا مجید**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر، خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراٹے کومبیٹ میں عالمی سطح کی جیت کا ٹائٹل برقرار رکھنے پر بلوچستان سے تعلق رکھنے والے کھلاڑی شاہ زیب رند کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار اور حکومت بلوچستان کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا ہے کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے عالمی کراٹے کمبیٹ کھلاڑی شاہ زیب رند منگل کو کوئٹہ پہنچے وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ 5 نمبر 10)

بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی کھلاڑی شاہ زیب رند کو کوئٹہ ائیرپورٹ پر خوش آمدید کہا اور گلے سے لگایا وزیر اعلیٰ نے شاہ زیب رند کو جیت کا تسلسل برقرار رکھنے پر مبارکباد دی اور فتح کے لئے جہد مسلسل اور محنت پر شاباش دی شاہ زیب رند سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آپ بلوچستان اور پاکستان کا فخر ہیں اور آپ جیسے باصلاحیت نوجوانوں سے ہی ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے آپ ترقی کی روشن مثال ہیں، وزیر اعلیٰ نے شاہ زیب رند کی مسلسل جیت پر مسرت کا اظہار کیا اور انہیں وزیر اعلیٰ ہاؤس مدعو کیا اس موقع پر صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، میر عاصم کرد گیلو، وزیر اعلیٰ کی مشیر برائے کھیل مینا مجید بلوچ، مشیر محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری عبدالصمد گورگیج، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، سیکرٹری کھیل قمر بلوچ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات ڈائریکٹر جنرل کھیل یاسر خان بازئی اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ شاہ زیب رند نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ پہنچنے پر بہت خوشی ہوئی۔ اسلام آباد پہنچنے پر استقبال دیکھ کر مایوسی ہوئی۔ بلوچستان کے نوجوانوں میں بہت ٹیلنٹ ہے میرے مدمقابل فائٹر دنیا کا سب سے بڑا فائٹر تھا شروع میں مجھے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا مدمقابل فائٹر پہلی بار مجھ سے ہارا، مشیر کھیل مینا مجید نے کہا کہ شاہ زیب رند کا تعلق بلوچستان سے ہے ہمیں خوشی ہے شاہ زیب رند نے بلوچستان اور پاکستان کا نام روشن کیا، وسائل کی کمی کے باوجود انہوں نے کامیابی حاصل کی۔ شاہ زیب رند کو تمام وسائل دیں گے تاکہ وہ آئندہ بھی ملک کا نام روشن کر سکیں ہر ممکن کوشش کریں گے کہ شاہ زیب رند کو آئندہ فائٹ میں معاشی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

## وزیراعلیٰ کی خضدار میں آغا شکیل درانی سے تعزیت

خضدار (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی منگل کو خضدار پہنچے جہاں انہوں نے درانی ہاؤس میں آغا شکیل احمد درانی، کیپٹن (ر) آغا شہریار درانی، سینیٹر آغا شاہ زیب درانی کی والدہ، چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری کی خوشدامن کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے مرحومہ کے ایصال ثواب و درجات کی بلندی اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا تعزیت کے موقع پر صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی بھی خضدار میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ تھے۔



خضدار، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آغا شکیل احمد درانی کی والدہ کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کراٹے کمبیٹ لیگ میں کامیابی کا ٹائٹل برقرار رکھنے والے عالمی کھلاڑی شاہ زیب رند سے بات چیت کر رہے ہیں

www.dailyazadiquetta.com ویب سائٹ
بلوچستان کا سب سے زیادہ پڑھا جانے والا اخبار
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ


جلد نمبر-23 | بدھ 25 ستمبر 2024ء بمطابق 20 ربیع الاول 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-261


# شاہ زیب رند بلوچستان اور پاکستان کا فخر ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

## باصلاحیت نوجوانوں سے ہی ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے، استقبال کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراٹے کومبیٹ میں عالمی سطح کی جیت کا ٹائٹل برقرار رکھنے پر بلوچستان سے تعلق رکھنے والے کھلاڑی شاہ زیب رند کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار اور حکومت بلوچستان کی جانب (بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 2 پر)

سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا ہے کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے عالمی کراٹے کمبیٹ کھلاڑی شاہ زیب رند منگل کو کوئٹہ پہنچے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی کھلاڑی شاہ زیب رند کو کوئٹہ ایئرپورٹ پر خوش آمدید کہا اور گلے سے لگایا وزیراعلیٰ نے شاہ زیب رند کو جیت کا تسلسل برقرار رکھنے پر مبارکباد دی اور اس کے لئے جہد مسلسل اور محنت پر شاباش دی شاہ زیب رند سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آپ بلوچستان اور پاکستان کا فخر ہیں اور آپ جیسے باصلاحیت نوجوانوں سے ہی ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے آپ ترقی کی روشن مثال ہیں، وزیراعلیٰ نے شاہ زیب رند کی مسلسل جیت پر مسرت کا اظہار کیا اور انہیں وزیراعلیٰ ہاؤس مدعو کیا اس موقع پر صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، میر عاصم کرد گیلو، وزیراعلیٰ کی مشیر برائے کھیل مینا مجید بلوچ، مشیر محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری عبدالصمد گورگیج، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، سیکرٹری کھیل قمر بلوچ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات ڈائریکٹر جنرل کھیل یاسر خان بازئی اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود ملاقات کر رہے ہیں

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

MEMBER APNS | بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن) | ABC CERTIFIED

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

شمارہ 262 | بدھ 25 ستمبر 2024ء بمطابق 20 ربیع اوّل 1446ھ قیمت 20 روپے | جلد 28


## وزیراعلیٰ کا کراٹے کومبیٹ چیمپئن شاہزیب رند کا ائیرپورٹ جا کر استقبال؛ گلے لگایا

### عالمی چیمپئن کیلئے نیک خواہشات کا اظہار، حکومت بلوچستان کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراٹے کومبیٹ میں عالمی سطح کی جیت کا ٹائٹل برقرار رکھنے پر بلوچستان سے تعلق رکھنے والے کھلاڑی شاہ زیب رند کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار اور حکومت بلوچستان کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا ہے کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے عالمی کراٹے کمبیٹ کھلاڑی شاہ زیب رند منگل کو کوئٹہ پہنچے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی کھلاڑی شاہ زیب رند کو کوئٹہ ائیرپورٹ پر خوش آمدید کہا اور گلے سے لگایا وزیراعلیٰ نے شاہ زیب رند کو جیت کا تسلسل برقرار رکھنے پر مبارکباد دی اور فتح کے لئے جہد مسلسل اور محنت پر شاباش دی شاہ زیب رند سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آپ بلوچستان اور پاکستان کا فخر ہیں اور آپ جیسے باصلاحیت نوجوانوں سے ہی ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے آپ ترقی کی روشن مثال ہیں، وزیراعلیٰ نے شاہ زیب رند کی مسلسل جیت پر مسرت کا اظہار کیا اور انہیں وزیراعلیٰ ہاؤس مدعو کیا



خضدار، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آغا شکیل احمد درانی کی والدہ کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی شاہ زیب رند سے بات چیت کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے وزیراعظم کے مشیر رانا مشہود ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — مسلسل اشاعت کے 79 سال — بلوچستان کا قدیم اور مقبول روزنامہ

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 79 | بدھ 25 ستمبر 2024ء، 20 ربیع الاول 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 263

# شاہ زیب رند کو مبارکباد — باصلاحیت نوجوانوں سے ہی ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے: وزیراعلیٰ بلوچستان


## کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے عالمی کراٹے کمبیٹ کھلاڑی شاہ زیب رند کو وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ ائیر پورٹ پر خوش آمدید کہا

### بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے آپ ترقی کی روشن مثال ہیں، وزیراعلیٰ نے شاہ زیب رند کی مسلسل جیت پر مسرت کا اظہار کیا اور انہیں وزیراعلیٰ ہاؤس مدعو کیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کراٹے کومبیٹ میں عالمی سطح کی جیت کا تسلسل برقرار رکھنے پر بلوچستان سے تعلق رکھنے والے کھلاڑی شاہ زیب رند کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار اور حکومت بلوچستان کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا ہے کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے عالمی کراٹے کمبیٹ کھلاڑی شاہ زیب رند منگل کو کوئٹہ پہنچے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی کھلاڑی شاہ زیب رند کو کوئٹہ ائیر پورٹ پر خوش آمدید کہا اور گلے سے لگایا وزیر اعلیٰ نے شاہ زیب رند کو جیت کا تسلسل برقرار رکھنے پر مبارکباد دی اور فتح کے لئے جہد مسلسل اور محنت پر شاباش دی شاہ زیب رند سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آپ بلوچستان اور پاکستان کا فخر ہیں اور آپ جیسے باصلاحیت نوجوانوں سے ہی ملک کا روشن مستقبل وابستہ ہے بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے آپ ترقی کی روشن مثال ہیں، وزیر اعلیٰ نے شاہ زیب رند کی مسلسل جیت پر مسرت کا اظہار کیا اور انہیں وزیر اعلیٰ ہاؤس مدعو کیا اس موقع پر صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، میر عاصم کرد گیلو، وزیر اعلیٰ کی مشیر برائے کھیل مینا مجید بلوچ، مشیر محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری عبدالصمد گورگیج، ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند، سیکرٹری کھیل قمر بلوچ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات ڈائریکٹر جنرل کھیل یاسر خان بازئی اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے

## وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کا آغا شکیل احمد درانی کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

خضدار (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی منگل کو خضدار پہنچے جہاں انہوں نے درانی ہاؤس میں آغا شکیل احمد درانی کیپٹن (ر) آغا شہریار درانی، بیگم آغا شاہ زیب درانی کی والدہ، چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری کی خوشدامن کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے مرحومہ کے ایصال ثواب و درجات کی بلندی اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا تعزیت کے موقع پر صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی بھی خضدار میں وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ہمراہ تھے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے وزیراعظم پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود ملاقات کر رہے ہیں



QUETTA: Balochistan Chief Minister, Mir Sarfraz Bugti welcoming international Karate Combat player Shahzaib Rind on his arrival in Quetta on Tuesday on retaining the world-level victory title in Karate Combat.

# CM Balochistan felicitates Shahzaib on Karate Combat victory

## Bugti assures provincial govt all possible support for national hero

**Staff Report**

QUETTA: Balochistan Chief Minister, Mir Sarfraz Bugti on Tuesday felicitated Shahzaib Rind, a martial artist from Balochistan, on retaining the world-level victory title in Karate Combat.

He expressed his best wishes for the national hero and assured him all possible support from the Balochistan government.

Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti welcomed international karate combat player Shahzaib Rind on his arrival in Quetta on Tuesday. The Chief Minister congratulated Shahzib Rind for maintaining the continuity of victory and appreciated him for continuous hard working for victory. Chief Minister Mir Sarfraz Bugti, while talking to Shahzaib Rind, said that "you are the pride of Balochistan and Pakistan as well, the bright future of the country is associated with the talented youth like you". The Chief Minister expressed his happiness over Shahzeb Rinds continuous victory and invited him to the Chief Minister House. On the occasion, Provincial Ministers including Bakht Muhammad Kakar, Mir Asim Kurd Gello, Advisor to the Chief Minister for. Sports Meena Majeed Baloch, Adviser to the CM on Labor and Manpower Sardar Ghulam Rasool Umrani, Parliamentary Secretary Abdul Samad Gorgage, Spokesperson of Balochistan government Shahid Rind, Secretary Sports Qama[r] Baloch, Commissioner Quett[a] Division Hamza Shafqaat Directo[r] General Sports Yasir Khan Baza[i] and other senior officials were als[o] present.

Shahzaib Rind, previously wo[n] the world's premier full-contac[t] striking league, Karate Combat, i[n] the United States. He is also a six time national champion, showcasing his consistent excellence i[n] martial arts on both national an[d] international stages.

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Daily: AZADI QUETTA
Dated: 25 SEP 2024
Page No. 10
Century Express Quetta



**سرفراز بگٹی**
**وزیر اعلیٰ بلوچستان**

پاکستان میں اخبار بینی کا قومی دن منانے کی خوشی میں، میں آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی (APNS) اور پوری میڈیا کمیونٹی کے معزز اراکین کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ APNS کے اس دن کو بطور "قومی مطالعہ کا دن" منانے کا اعلان ہمیں ایک باخبر معاشرے کی اہمیت اور مطالعے کی عادت کو فروغ دینے کے کردار کی یاد دلاتا ہے، جو ہمارے قومی شعور کو بیدار کرتا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی، اپنے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں، ہمیشہ سے معلومات کے آزادانہ بہاؤ اور باخبر مطالعے کی عادتوں کے فروغ کی ایک مضبوط حامی رہی ہے۔ ہمارا یقین ہے کہ علم سے لیس معاشرہ ہی وہ معاشرہ ہے جو مستقبل کے لئے سوچ سمجھ کر ترقیاتی فیصلے کر سکتا ہے۔ اس مقصد کے لئے، ہم ان پالیسیوں کی حمایت میں پرعزم ہیں جو پرنٹ اور ڈیجیٹل دونوں فارمیٹس میں مطالعہ کے کلچر کو فروغ دیتی ہیں، تاکہ ہر شہری کو قابل اعتماد اور مستند معلومات تک رسائی حاصل ہو۔ اس دور میں، جب غلط معلومات اور جعلی خبریں ہمارے مباحثوں کی سچائی کو خطرے میں ڈال رہی ہیں، ہمیں ذمہ دارانہ صحافت اور باخبر عوام کے فروغ کے لئے ایک ساتھ کھڑا ہونا ہوگا۔ پاکستان پیپلز پارٹی غیر ذمہ دارانہ صحافت کی بڑی ناقدر رہی ہے، اور ہم جعلی خبروں کے پھیلاؤ کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ ہمارا پختہ یقین ہے کہ صرف درست اور حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے ہی ہم اپنی جمہوریت کے ڈھانچے کو مضبوط بنا سکتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ APNS کی کاوشیں، جو سچی اور اخلاقی صحافت کے اصولوں کو برقرار رکھنے کے لئے ہیں، کامیاب ہوں گی اور ہم ایک ایسے ماحول کی تشکیل کر سکیں گے جو صحافتی اقدار کو فروغ دیتا ہو۔ آئیں ہم مطالعے کی عادات کو فروغ دینے، غلط معلومات اور جعلی خبروں کے خلاف لڑنے، اور صحافت کے حقیقی اصولوں کو برقرار رکھنے میں ایک ساتھ کام کرتے رہیں۔ ہماری مشترکہ کوششیں ہی ایک ترقی پذیر اور خوشحال پاکستان کے خواب کو حقیقت بنا سکتی ہیں۔



**سرفراز بگٹی**
**وزیر اعلیٰ بلوچستان**

پاکستان میں اخبار بینی کا قومی دن منانے کی خوشی میں، میں آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی (APNS) اور پوری میڈیا کمیونٹی کے معزز اراکین کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ APNS کے اس دن کو بطور "قومی مطالعہ کا دن" منانے کا اعلان ہمیں ایک باخبر معاشرے کی اہمیت اور مطالعے کی عادت کو فروغ دینے کے کردار کی یاد دلاتا ہے، جو ہمارے قومی شعور کو بیدار کرتا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی، اپنے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں، ہمیشہ سے معلومات کے آزادانہ بہاؤ اور باخبر مطالعے کی عادتوں کے فروغ کی ایک مضبوط حامی رہی ہے۔ ہمارا یقین ہے کہ علم سے لیس معاشرہ ہی وہ معاشرہ ہے جو مستقبل کے لئے سوچ سمجھ کر ترقیاتی فیصلے کر سکتا ہے۔ اس مقصد کے لئے، ہم ان پالیسیوں کی حمایت میں پرعزم ہیں جو پرنٹ اور ڈیجیٹل دونوں فارمیٹس میں مطالعہ کے کلچر کو فروغ دیتی ہیں، تاکہ ہر شہری کو قابل اعتماد اور مستند معلومات تک رسائی حاصل ہو۔ اس دور میں، جب غلط معلومات اور جعلی خبریں ہمارے مباحثوں کی سچائی کو خطرے میں ڈال رہی ہیں، ہمیں ذمہ دارانہ صحافت اور باخبر عوام کے فروغ کے لئے ایک ساتھ کھڑا ہونا ہوگا۔ پاکستان پیپلز پارٹی غیر ذمہ دارانہ صحافت کی بڑی ناقدر رہی ہے، اور ہم جعلی خبروں کے پھیلاؤ کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ ہمارا پختہ یقین ہے کہ صرف درست اور حقائق پر مبنی رپورٹنگ کے ذریعے ہی ہم اپنی جمہوریت کے ڈھانچے کو مضبوط بنا سکتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ APNS کی کاوشیں، جو سچی اور اخلاقی صحافت کے اصولوں کو برقرار رکھنے کے لئے ہیں، کامیاب ہوں گی اور ہم ایک ایسے ماحول کی تشکیل کر سکیں گے جو صحافتی اقدار کو فروغ دیتا ہو۔ آئیں ہم مطالعے کی عادات کو فروغ دینے، غلط معلومات اور جعلی خبروں کے خلاف لڑنے، اور صحافت کے حقیقی اصولوں کو برقرار رکھنے میں ایک ساتھ کام کرتے رہیں۔ ہماری مشترکہ کوششیں ہی ایک ترقی پذیر اور خوشحال پاکستان کے خواب کو حقیقت بنا سکتی ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 25 SEP 2024 Page No. 11

Bullet No. 1


## ورلڈ ٹائٹل جیتنا میرا خواب تھا، تسلسل کو برقرار رکھوں گا، شاہ زیب رند

**اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچا تو دلبرداشتہ ہوا تھا وہاں مجھے سپورٹ نہیں ملی، کوئٹہ آکر اچھا لگا، گفتگو**

شاہ زیب رند ہمارا فخر، بین الاقوامی مقابلے میں بلوچستان اور پاکستان کا نام روشن کیا، مینا مجید، بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انٹرنیشنل کراٹے کمبیٹ لیگ کے ورلڈ چیمپئن شاہ زیب رند نے کہا ہے کہ ورلڈ ٹائٹل جیتنا میرا خواب تھا آئندہ بھی اس تسلسل کو برقرار رکھوں گا۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ ایئرپورٹ کے باہر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ شاہ زیب رند نے کہا کہ کوئٹہ آکر کافی اچھا لگا ملک واپس آتے وقت جب اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچا تو دلبرداشتہ ہوا تھا کیونکہ وہاں مجھے وہ سپورٹ نہیں ملی جو ملنی چاہیے تھی۔ میں نے پہلی مرتبہ پاکستان میں ورلڈ ٹائٹل حاصل کیا جس پر مجھے بہت زیادہ خوشی ہوئی یہاں وزیراعلیٰ، صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹری کھیل اور محکمہ کھیل کے حکام نے استقبال کیا جو میرے لیے ایک مثبت پیغام ہے۔ اگر ایسے سپورٹ ملے گی تو میں بلوچستان کا آخری کھلاڑی نہیں ہوں گا اور بھی کھلاڑی اعزازات لے کر آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میرے مقابل فائٹر دنیا کا بڑا فائٹر تھا اور پہلی بار وہ مجھ سے ہارا ہے۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری مینا مجید بلوچ نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وسائل کی کمی کے باوجود شاہ زیب رند نے بین الاقوامی مقابلے میں کامیابی حاصل کرکے بلوچستان اور پاکستان کا نام روشن کیا، شاہ زیب رند ہمارا فخر ہے اور یہ جیت ایک پیغام ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں انہیں موقع اور سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے ہماری کوشش ہوگی کہ اپنے یوتھ کو وہ تمام سہولیات فراہم کریں تاکہ وہ شاہ زیب رند کی طرح بلوچستان اور پاکستان کا نام روشن کرسکیں ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت شاہ زیب رند کو اگلے مقابلہ میں ہر ممکن سپورٹ کرے گی۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ شاہ زیب رند نے ثابت کیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں انہیں وسائل فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ شاہ زیب رند کے والد خیر محمد رند نے بلوچستان حکومت اور عوام کا شاندار استقبال پر کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ شاہ زیب کا اسلام آباد میں بہتر استقبال نہ ہونے پر افسوس ہوا۔


MASHRIQ QUETTA


## نوجوانوں اور خواتین کی پاک افواج میں شمولیت قابل فخر ہے، ربابہ بلیدی

**بلوچستان کی خواتین کی طاقت، عزم اور استقامت کی نشانی ہے، مشیر ترقی نسواں**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ ملک کے دفاع کے لئے بلوچستان کے نوجوانوں خصوصاً خواتین کی پاک افواج میں شمولیت صوبے کے لیے فخر کا لمحہ ہے، ان کی شرکت بلوچستان کی خواتین کے لیے بڑھتے ہوئے مواقع کی عکاسی کرتی ہے جو پاکستان کی سکیورٹی میں فعال کردار ادا کرنے کی علامت ہے اور یہ صوبے کی خواتین کی طاقت، عزم اور استقامت کی نشانی ہے۔


........ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7


ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیوی ہیڈ کوارٹرز کوئٹہ کے دورے کے موقع پر کیا۔ نیوی کمانڈنٹ آفیسر کیپٹن عبداللہ صدیقی نے نیوی ہیڈ کوارٹرز کوئٹہ آمد پر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کا استقبال کیا اور انہیں یادگاری شیلڈ پیش کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے بلوچستان کی خواتین کو پاکستان نیوی کے مختلف شعبوں میں بھرتی کرنے کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ نیوی میں خواتین کی نمائندگی میں اضافہ صنفی مساوات کے لیے اہم ہے اور ہمارے صوبے کی خواتین کی بے پناہ صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے ضروری ہے۔ ملاقات میں کوئٹہ میں بحریہ یونیورسٹی کے قیام کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی۔ ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے کہا کہ بحریہ یونیورسٹی کا قیام کوئٹہ میں عالمی معیار کی تعلیمی سہولیات فراہم کرے گا۔

## ہماری ثقافت کی دنیا بھر میں اپنی الگ اور منفرد پہچان ہے، نسیم الرحمن ملاخیل

پشتون ثقافت کا اپنا رنگ ہے اور اس کے طور طریقوں میں محبت، بھائی چارہ، انکساری اور رواداری کا درس ملتا ہے

**دنیا بھر میں پشتون قوم کی روایات اور اخلاقی اقدار کو مثبت انداز میں پیش کرنا ہوگا، عالمی دن کے موقع پر پیغام**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے پشتون ثقافت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے تمام پشتون اقوام کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ زندہ اور باشعور قومیں ثقافتی و روایتی اقدار اور تاریخی ورثے کا تحفظ کرتی ہیں اور اس دن کو منانے کا اصل مقصد ان تمام روایات، ثقافت اور منفرد طرز زندگی کو بہتر طور پر سمجھنے اور اسے ہمیشہ زندہ رکھنے کی کوشش ہے انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت کا اپنا رنگ ہے اور اس کے طور طریقوں میں محبت، بھائی چارہ، انکساری اور رواداری کا درس ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت، بہادری، غیرت، مہمان نوازی، پشتونولی، امن پسندی محبت اور ایثار سے جیسے شاندار تاریخ سے عبارت ہے۔ ہماری ثقافت دنیا بھر میں اپنی الگ اور منفرد پہچان رکھتی ہے۔ صوبائی مشیر نسیم الرحمان خان نے کہا کہ ہمارے آج کے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اپنی ثقافت کو زندہ رکھیں اور اسے نئی نسل تک منتقل کریں تاکہ دنیا بھر میں پشتون قوم کی روایات اور اخلاقی اقدار کو مثبت انداز میں پیش کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر میں جتنی بھی اقوام رہتی ہیں ان کی اپنی تاریخ ہے لہذا ہم سب کو چاہیے کہ ملک و صوبے کی تعمیر و ترقی کے لئے ہم سب کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے یہ ملک ہے تو ہم ہیں ہماری پہچان پاکستان سے ہے۔ نسیم الرحمن ملاخیل نے کہا ہے کہ ثقافت ایک تاریخی تسلسل ہے جسکے ذریعے ہمارا ماضی اور حال جڑا ہوا ہے جس کی بنیاد پر ہم اپنے مستقبل کا رخ متعین کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ارتقاء اور ترقی کا سفر جیسے جیسے آگے بڑھتا ہے تو ماضی کی کئی چیزیں قصہ پارینہ بن جاتی ہیں۔ اور انسان نئے حالات، ضروریات اور تقاضوں کے مطابق نئی اقدار اور اشیاء کو اختیار کرتے ہیں۔

امن وامان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ، حکومت بلوچستان

Bullet No. 7

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 25 SEP 2024

Page No. 13

# 53 کروڑ روپے کی لاگت سے حب ساکران روڈ کی تعمیر پر کام جاری

حب نوری پل پراجیکٹ کی ... [illegible]

محکمہ مواصلات و تعمیرات کے زیر نگرانی ... [illegible]

[illegible] ... 2022 ... 1198 ... [illegible] ... آخری مراحل میں ہے

# تمام انجینئر آفیسران جائے تعیناتی پر اپنی حاضری یقینی بنائیں، لعل جان جعفر

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یہ شکایات موصول ہو رہی ہیں کہ محکمہ کے آفیسران اکثر غیر حاضر رہتے ہیں، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو

صوبے کے زرعی و باغات والے علاقوں میں گریڈنگ کی جائے کیونکہ انہی رستوں سے تمام زمینداروں کا معاش جڑا ہوا ہے

کسی ٹھیکیدار کی بلیک میلنگ میں نہ آئیں افسوس ہے کہ پیسے دینے کے بعد آپ ٹھیکیداروں کے رحم و کرم پر ہوتے ہیں، ہدایت

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات لعل جان جعفر نے کہا ہے کہ تمام ضلعی انجینئر آفیسران اپنے جائے تعیناتی پر اپنی حاضری کو ہر ممکن یقینی بنائیں اور اس حوالے سے محکمہ کی جانب سے کسی بھی قسم کی نرمی نہیں کی جائے گی ان خیالات کا اظہار صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے صوبے کے تمام ضلعی انجینئر آفیسران کے ساتھ ہونے والے زوم اجلاس کی صدارت کے موقع پر کیا سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے انجینئر آفیسران کو سختی سے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یہ شکایات موصول ہو رہی ہیں کہ محکمہ کے آفیسران اکثر غیر حاضر رہتے ہیں جس کی وجہ سے متعلقہ اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت سستی کا شکار ہو رہے ہیں لہٰذا اپنی حاضری کو یقینی بنائیں اور ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کو تیز کریں تاکہ شکایت کا موقع نہ ملے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے مزید کہا کہ صوبے کے زرعی علاقوں بالخصوص باغات والے علاقوں میں گریڈنگ کی جائے کیونکہ انہی رستوں سے تمام زمینداروں کا معاش جڑا ہوا ہے اور سیزن ہونے کے سبب خراب راستوں کی وجہ سے زمینداروں کو کوئی نقصان نہ ملے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے ایڈوانس ادائیگی کی سختی سے مذمت کرتے ہو تمام انجینئرز آفیسران کو ہدایت دی کہ کسی بھی صورت میں ایڈوانس ادائیگی نہ کریں اور نہ ہی ٹھیکیدار کی بلیک میلنگ میں نہ آئیں افسوس اس بات پر ہوتا ہے کہ پیسے دینے کے بعد آپ ٹھیکیداروں کے رحم و کرم پر ہوتے ہیں سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نے یہ ہدایات بھی دیں کہ اپنے اپنے اضلاع میں ان اسکیمات پر بھی کام شروع کریں جو کسی نہ کسی وجہ سے بند ہو چکے ہیں اور منصوبے جن میں کاغذوں کی حد تک مکمل ہو چکی اور گراؤنڈ پر نامکمل ہیں انہیں بھی جلد از جلد مکمل کرنے کے بعد رپورٹ جمع کریں انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کو ایمانداری کے ساتھ مکمل کرنا اور عوام کے پیسوں کا صحیح استعمال کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان میڈیکل سپورٹ پروگرام صوبے بھر میں شروع کرنے کی یقین دہانی

سیکریٹری ہیلتھ کی زیر صدارت اجلاس، کارکردگی اہداف اور مسائل کا جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری صحت بلوچستان محمد صالح بلوچ کی زیر صدارت بلوچستان میڈیکل سپورٹ پروگرام کا ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں نے بلوچستان میڈیکل سپورٹ پروگرام کے نمائندہ و پی اینڈ ڈی عارف بلوچ چیف پلاننگ آفیسر پلاننگ سیل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر

بقیہ نمبر32 صفحہ5پر

غلام مصطفیٰ ایڈیشنل سیکرٹری ڈویلپمنٹ محمد عارف ایکٹنگ ڈپٹی سیکرٹری ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ریاست علی چیف ایگزیکٹو آفیسر پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ڈاکٹر فیصل کاکڑ جنرل منیجر پی ای آئی (PE) اسلام آباد احسن اعظم چیف ایگزیکٹو آفیسر سندھ چلڈرن ہسپتال کراچی ڈاکٹر محمد توفیق نمائندہ شہید ذوالفقار علی بھٹو فاؤنڈیشن (SZABF) مسز نرگس پروجیکٹ ڈائریکٹر بلوچستان میڈیکل سپورٹ پروگرام ڈاکٹر طاہرہ کمال پی ایم یو اسٹاف بلوچستان میڈیکل سپورٹ پروگرام نمائندہ ایم این سی ایچ (MNCH) اسٹاف آفیسر ٹو سیکرٹری ہیلتھ شبیر احمد شاہوانی اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان میڈیکل سپورٹ پروگرام کے تین سالہ کارکردگی جس میں وہ اپنے ہدف، کارنامہ اور ان تین سالوں میں اپنے مسائل و مشکلات کا جائزہ لیا گیا اور مختلف ایجنڈوں پر غور و خوض ہوئے اور اپنے آئندہ لائحہ عمل کے بارے میں سیکرٹری صحت بلوچستان صالح محمد بلوچ اور شرکاء کو بریفنگ دی اجلاس میں سیکرٹری صحت بلوچستان صالح محمد بلوچ نے بلوچستان میڈیکل سپورٹ پروگرام کے تین سالہ کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے ان کی کارکردگی کو تسلی بخش قرار دیکر اس پروگرام کو مزید توسیع دینے اور صوبائی حکومت سے بکھرو فنڈنگ اور بکھرو بلوچستان میڈیکل سپورٹ پروگرام اپنی مدد آپ کے تحت اس پروگرام کو بلوچستان کے دوسرے اضلاع میں بھی اپنے پروگرام شروع کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

CamScanner

امن وامان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 25 SEP 2024 Page No. 2

## قلعہ عبداللہ میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) گلی مسیزئی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ڈرائیور ولی محمد کاکڑ جاں بحق ہو گیا ملزمان واقعہ کے بعد فرار ہو گئے۔

MASHRIQ QUETTA

## جھگور، پولیس نے سی پیک روڈ پر ڈکیتی کے مقدمہ میں نامزد ملزم کو گرفتار کرلیا

جھگور (پی این اے) جھگور پولیس تھانہ سر کوران [illegible] روزی بینک روڈ [illegible] ایس آئی [illegible] کے ملزم گرفتار [illegible] اور سر کوران ایس آئی [illegible] احمد [illegible] نے اپنے اسٹاف کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے مخبر خاص کی اطلاع پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے نامزد ملزم کو گرفتار کرلیا جو کہ

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

[illegible] دن

پہلے CPEC روڈ پر چوری و ڈکیتی کی واردات میں ملوث تھا گرفتار ملزم کی شناخت ملزم نور اللہ ولد دین محمد سکنہ ڈسٹرکٹ واشک حال وشاب جھگور کے نام سے ہوا ہے

## ڈیرہ مراد جمالی میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا

نصیر آباد (آئی این پی) ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا گیا ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے ہیڈ کوارٹر شہر ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانہ سٹی

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی کی حدود اپل مسجد کے قریب میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص شاہد علی کو قتل کر دیا گیا ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے نعش کو ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا گیا ہے مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے۔

## اوستہ محمد، پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد کے علاقے ایری لاڑا کے مقام پر پولیس اور ڈاکوؤں میں فائرنگ کا تبادلہ ڈاکو موٹر سائیکل چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ تاہم کوئی نقصان نہیں ہوا پولیس کے مطابق برآمد ہونے والی موٹر سائیکل چوری کیا ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Page No. 17

Bullet No. 6

Dated: 25 SEP 2024

## سروس ڈیلیوری: وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر فوری عملدرآمد ناگزیر!!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جو اس سے پہلے بھی متعدد بار بہتر اور عوام دوست وشفاف طرز حکمرانی قائم کرنے کے عزم کا اظہار واعادہ کرتے آئے ہیں انہوں نے گزشتہ روز اس حوالے سے ایک بار پھر دوٹوک عزم کا اعادہ کیا ہے اور جہاں یہ کہا ہے کہ ان کی زیر قیادت موجودہ حکومت صوبے میں عوامی مسائل کے حل اور محکمہ جاتی ریفارمز کو یقینی بنائے گی وہاں انہوں نے سروس ڈیلیوری کے نظام میں مزید بہتری کے حوالے سے صوبائی وزراء واراکین اسمبلی کو بھی تاکید کی ہے وہ اس ضمن میں اپنا کردار ادا کریں ساتھ ہی انہوں نے متعلقہ حکام کو بھی چیک اینڈ بیلنس کا موثر نظام قائم کرنے کی ہدایت کی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے ان خیالات کا اظہار کہاں کس موقع پر کیا اس کی تفصیلات وجزئیات میں جانے سے قبل اس بات کا ذکر ضروری اور برمحل ہے کہ بلوچستان ماضی میں مختلف وجوہات کی بناء پر جہاں ایک طرف ترقی اور خوشحالی کے سفر میں باقی صوبوں سے قدرے پیچھے اور پسماندہ رہ گیا وہاں بلوچستان کا ایک المیہ یہ بھی ہے کہ یہاں آوے کا آوا ہی بگڑا ہوا ہے ایک طرف وسائل کی کمی، مسائل کی بہتات اور پسماندگی و درماندگی کے ڈیرے تو دوسری جانب یہ تلخ حقیقت بھی جھٹلائی نہیں جاسکتی کہ جس طرح صوبے کے مسائل میں کمی کے لئے ماضی کی حکومتوں نے خاطر خواہ اور فعال ومتحرک کردار ادا نہیں کیا وہاں بیوروکریسی یا بہ الفاظ دیگر افسر شاہی کا رویہ بھی انتہائی افسوسناک رہا۔ کوئٹہ کی ہم بات نہیں کررہے کوئٹہ میں بھی سائلین ہفتوں ہفتوں دربدر پھرتے ہیں اندرون بلوچستان صورتحال زیادہ ابتر اور دگرگوں ہے بلوچستان کے بارے میں ہم بار بار کہتے سنتے اور پڑھتے رہتے ہیں کہ یہاں آبادیاں بکھری ہوئیں، رقبہ وسیع وعریض ہے اور لوگ اتنے غریب ہیں کہ ان کے پاس سوکھی روٹی کے بھی پیسے نہیں ہوتے ایسے میں انتظامی تقسیم اس طرح ہے کہ دور دراز گاؤں کے کسی شخص کو اگر لوکل سرٹیفکیٹ یا کسی بھی دوسری غرض کے لئے ڈویژنل اور ضلعی ہیڈ کوارٹر جانے کی ضرورت پیش آئے تو اس کی پریشانی دیکھنے لائق ہوتی ہے ایک دن کا کام ہفتوں ہفتوں نہیں ہوتا صاحب لوگ دفتر میں بیٹھتے نہیں بیٹھے ہوں تو دربان آگے جانے نہیں دیتا اور یوں ایک معمولی سی درخواست بھی ہفتوں ایک میبل پر پڑی رہتی ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو اس بات کا کریڈٹ جاتا ہے کہ انہوں نے عام آدمی کو درپیش ان مسائل ومشکلات کا نہ صرف فہم وادراک کیا بلکہ ان مسائل کے حل کے لئے وہ پرعزم بھی ہیں سنجیدہ بھی اور عملی طور پر کوشاں بھی ہیں ان سطور کے تمہیدی جملوں میں ہم نے ان کے جس اظہاریے کا ذکر کیا وہ بات چیت انہوں نے گزشتہ روز یہاں کوئٹہ میں صوبائی وزراء صادق عمرانی، بخت کاکڑ اور پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی سے ملاقات کے موقع پر کی ہے وزیراعلیٰ کا اس موقع پر کہنا تھا کہ محکمہ جاتی اصلاحات کے ذریعے سروس ڈیلیوری کے نظام کو بہتر بنانا ہماری ترجیح ہے تاکہ عوام کو درپیش مسائل حل کئے جاسکیں وزیرعلیٰ نے وزراء اور پارلیمانی سیکرٹریز سے کہا کہ وہ اپنے اپنے محکمے میں ہر سطح پر جوابدہی اور چیک اینڈ بیلنس کا موثر نظام قائم کریں اور زیرالتواء سرکاری اور عوامی امور کو قوانین کے مطابق تیزی سے نمٹائیں عام آدمی کی شنوائی کے لئے موثر میکنزم تشکیل دیکر اس پر عمل درآمد یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ محکموں کو فعال کرکے سروس ڈیلیوری بہتر بنائیں گے کیونکہ گورننس کی بہتری سے ہی عوامی مسائل کا دیرپا حل ممکن ہے۔ وزیراعلیٰ کی بات سے ہمیں سو فیصد اتفاق ہے اور یہی حقیقت بھی یہی ہے کہ اگر ہم نے بلوچستان کے مسائل حل کرکے اسے ترقی وخوشحالی کی منزل تک لے کر جانا ہے تو اس کے لئے بنیادی ضرورت گورننس کے نظام میں بہتری کی ہے گورننس اگر شفافیت پر استوار، سہل اور عوام دوست ہو تو اس سے بہت سارے مسائل اپنے آپ حل ہوں گے بلوچستان کے مسائل پر گہری نگاہ رکھنے والے حلقے اس حقیقت کو اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ بلوچستان میں بھلے مسائل کی بہتات ہو مگر یہ مسائل محنت منصوبہ بندی اور عملی اقدامات سے بہ آسانی حل ہوسکتے ہیں بلوچستان کے مسائل کو ہم دو حصوں میں تقسیم کرسکتے ہیں ایک حصہ سیاسی نوعیت کا ہے اور دوسرا معاشی مگر اس کے ساتھ سیاسی مسائل ہوں یا پھر معاشی ان کے حل کے لئے جہاں کسی بھی حکومت کی موثر پولیٹیکل ول کی ضرورت ہے وہاں ایک اچھی اور شفاف طرز حکمرانی کی بھی ازحد ضرورت ہے اور یہ لائق تحسین ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اچھی اور عوام دوست طرز حکمرانی کے لئے نہ صرف پرعزم ہیں بلکہ عملی طور پر کوشاں بھی ہیں وہ ایک عام اور مڈل کلاس طبقے سے تعلق رکھتے ہیں ان کا اپنا تعلق صوبے کے ایک انتہائی دور دراز اور بے حد پسماندہ علاقے سے ہے اس لئے بلوچستان کے عوام کو کس نوعیت کے مسائل کا سامنا ہے اس کا فہم وادراک وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے زیادہ بہتر کسی کو نہیں ہوسکتا انہوں نے صوبائی وزراء اراکین اسمبلی اور متعلقہ محکموں کو جو ہدایات دی ہیں اور جو احکامات صادر کئے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ ان پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے سروس ڈیلیوری کے نظام میں موثر تبدیلی اور بہتری کے لئے چیک اینڈ بیلنس کا موثر نظام ہونا چاہئے اس مقصد کے لئے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کو بھی خصوصی اسائنمنٹ دی جاسکتی ہے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر نہ سہی ہفتہ وار بنیادوں پر ٹیمیں بنا کر دور دراز علاقوں کے ضلعی ہیڈ کوارٹرز، تحصیل ہیڈ کوارٹرز مختلف محکموں کے دفاتر کے اچانک دورے کرے، کھلی کچہریاں منعقد کی جائیں سائلین کی کیا مشکلات ہیں اور ان کے حل کی رفتار کس طرح سے تیز کی جاسکتی ہے اس کے لئے موثر میکانزم بنانے کی ضرورت ہے اور ساتھ ہی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو ہماری ایک تجویز یہ ہے کہ وہ سیکرٹری صاحبان اور وزراء ومشیروں کی کارکردگی کو بھی باقاعدگی سے جانچنے دیکھنے پرکھنے کے لئے ایک سپیشل سیل قائم کریں جو وزراء اچھی کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کرتے ان سے قلمدان اور ذمہ داریاں واپس لینے میں کسی قسم کا سیاسی دباؤ اور ہچکچاہٹ نہیں ہونی چاہئے جو ڈیلیور کرے گا اسے کام کرنے کا موقع دیا جائے جو بہتر اور احسن انداز میں وزیراعلیٰ کے وژن اور مشن کے مطابق صوبے کی تعمیر وترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے اپنا کردار ادا نہیں کرتا اس سے ذمہ داریاں واپس لینے میں کوئی حرج نہیں اس طرح چیک اینڈ بیلنس کا موثر نظام فعالیت سے کام کرے گا تو صوبے کی ترقی کا سفر تیز تر ہوگا اور عوام کی امیدیں وتوقعات بھی پوری ہوں گی اور آنے والی حکومت کو بھی کام کرنے کی تحریک ملتی رہے گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 7 Dated: 25 SEP 2024 Page No. 3


## دشمن پاکستان کو توڑنا چاہتا ہے یہ خواب ناممکن ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دشمن آزادی چاہتا ہے خدانخواستہ پاکستان کو توڑنا چاہتا ہے یہ ناممکن خواب ہے بلوچستان میں ہم دہشتگردوں کیساتھ اس طرح نمٹیں گے جس طرح وہ ہمارے ساتھ نمٹتے ہیں عام نوجوان بلوچ کو گلے لگانے کی ضرورت ہے بلوچستان میں قوم پرست سیاست ان کا پولیٹیکل کیپٹل جا رہا ہے بلوچستان میں لڑائی پہلے نواب اکبر بگٹی نے شروع کی تھی سردار اختر مینگل نے تقریر میں کہا تھا کہ پنجابیوں کو قتل کرنا جائز ہے بلوچستان میں ملٹری آپریشن کی ضرورت نہیں ہے ایک بلوچ پشتون نوجوان کی نوکری پانچ لاکھ میں بکتی تھی بلوچستان میں تین سے چار ہزار دہشتگرد آسان ہدف کو نشانہ بناتے ہیں بلوچ یکجہتی کمیٹی نے مذاکرات میں کوئی مسنگ پرسن کا ذکر نہیں کیا ہے بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف پلان تیار کرلیا جس شخص پر شک ہوگا اس کو فورتھ شیڈول میں ڈال دیا جائے گا بلوچستان میں کالعدم تنظیموں کی نانی بھارت را ایجنسی ہے میں نے بلوچستان کی بچیوں کو دنیا کی 200 یونیورسٹیز میں اعلیٰ تعلیم کیلئے بھیج دیا ہے دہشتگرد بلوچ بچیوں کو خودکش بمبار بنا رہے ہیں کون بلوچ روایات کی پاسداری کر رہا ہے صدر زرداری بلوچ ہے وہ کیا بندوق اٹھانے والوں سے مذاکرات کرینگے براہمداغ بگٹی کے آنے سے ڈیرہ بگٹی میں فرق پڑے گا بلوچستان میں فرق نہیں پڑے گا ان خیالات کا اظہار میر سرفراز بگٹی نے نجی ٹی وی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں مثبت اقدامات پر میڈیا کا فائدہ نہیں ہے میڈیا کو بزنس چاہیے بلوچستان حکومت کے پاس

بزنس دینے کو نہیں ہے بلوچستان میں دشمن آزادی چاہتا ہے خدانخواستہ پاکستان کو توڑنا چاہتا ہے یہ ایک ناممکن خواب ہے ایک تو بندوق اٹھا کر معصوم لوگوں، ڈاکٹرز اپنے بلوچ پنجابی سیکورٹی فورسز پر حملہ کرتے ہیں دوسرا سوشل میڈیا پر پروپیگنڈے کے ذریعے پاکستان کے عوام کو ریاست سے دور کرنے کا ناکام کوشش کر رہے ہیں بیلہ ایف سی چیک پوسٹ پر گزشتہ روز حملہ ہوتا ہے اس حملے کو فوری انٹرنیٹ سروس کے ذریعے لائیو چلا رہے ہوتے ہیں یہ ایک بہت بڑی منظم سازش ہے پاکستان کے خلاف بلوچستان میں دہشتگردوں کے ساتھ اس طرح نمٹیں گے جس طرح وہ ہمارے ساتھ نمٹتے ہیں ہمیں عام نوجوان بلوچ کو گلے لگانے کی ضرورت ہے ان کی نوکریاں بک رہی تھی آج ہم نے روک دیا ہے بلوچستان میں قوم پرست سیاست ان کا پولیٹیکل کیپٹل ختم ہو رہا ہے میرے لئے پولیٹیکل سیاست سے اہم ریاست ہے ہم مذاکرات کس سے کریں کیا ان سے مذاکرات کریں دہشتگردوں سے جنہوں نے ہتھیار اٹھایا ہے اور معصوم لوگوں کا قتل عام کر رہے ہیں دہشتگرد تو دہشتگرد ہے اس کی کونسی قوم ہے بلوچستان میں لڑائی پہلے نواب اکبر خان بگٹی نے شروع کی تھی سردار اختر مینگل نے تقریر میں کہا تھا کہ پنجابیوں کا قتل جائز ہے اس وقت ملٹری آپریشن نہیں ہوری تھی ماما قدیر کے بیٹے جلیل ریکی نے کہا تھا یہ دھرتی خون مانگ رہی ہے یا ہمارا خون گرے گا یہ لڑائی ریاست نے نہیں ہم نے شروع کی تھی اور اس کو ختم بھی ہم کریں گے یہ لوگ ریاست کو توڑنا چاہتے ہیں بلوچستان میں قبائلی نظام اپنی موت آپ مر گیا ہے اس موت میں سب سے بڑا کردار اس قبیلے کا سردار کا تھا بلوچستان میں کرپشن باقی صوبوں سے زیادہ ہے بلوچستان میں کرپشن کو جائز سمجھا جاتا ہے انہوں نے کہا کہ ایک بلوچ پشتون نوجوان کی نوکری پانچ لاکھ میں بکتی ہے محکمہ تعلیم میں عارضی بنیادوں پر بھرتیاں کی جائے گی 10-10 سالوں سے اساتذہ غائب ہیں ڈاکٹرز باہر ملک میں بیٹھے تنخواہیں لے رہے ہیں بلوچستان میں تقریباً 3 سے چار ہزار دہشتگرد آسان ہدف کو نشانہ بناتے ہیں بلوچستان میں کالعدم تنظیموں کی نانی بھارت را ایجنسی ہے جب ہم بلوچستان میں سیکورٹی چیک پوسٹیں لگاتے ہیں تو سیاسی قوم پرست اعتراض کرتے ہیں نہ لگائے تو معصوم لوگوں کو بسوں سے اتار کر نشانہ بناتے ہیں بلوچ یکجہتی کمیٹی نے مذاکرات میں کوئی مسنگ پرسن کا ذکر نہیں ہوتا ہے ہم نے بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف پلان تیار کیا ہے جس شخص پر شک ہوگا اس کو گرفتار نہیں ان کو فورتھ شیڈول میں ڈالیں گے یہ ریاست کو اختیار ہے بلوچستان میں کوئی ملٹری آپریشن کی ضرورت نہیں ہے ہم سمارٹ آپریشن کرینگے وفاقی حکومت کیساتھ ملکر دہشتگردوں کی قلع قمع کریں گے دہشتگردوں کا کوئی بلوچ کلچر سے لینا دینا نہیں ہے بلوچ کلچر ان کو یہ اجازت ہی نہیں دیتا جو یہ لوگ کر رہے ہیں میں بحیثیت بلوچ بلوچستان کی بچیوں کو اعلیٰ تعلیم کیلئے دنیا کی 200 بڑی یونیورسٹیز میں اعلیٰ تعلیم کیلئے بھیج رہا ہوں دہشتگرد بلوچ بچیوں کو خودکش بمبار بنا رہے ہیں

یہ کونسا بلوچ روایت کی پاسداری کر رہے ہیں بلوچستان میں مائننگ کے شعبے میں 99 فیصد لوگ بلوچستان کے لوگ ہیں لاپتہ افراد کا مسئلہ کمیشن نے 80 فیصد حل کر دیا ہے

CamScanner

# Delay in establishing BIC

Access to information is inevitable for enabling citizens to exercise their voice, to effectively monitor and hold government to account, and to enter into informed dialogue about decisions which affect their lives. It is seen as vital for empowering all citizens, including vulnerable and excluded people, to claim their rights and entitlements. But the potential contribution to good governance of access to information lies in both the willingness of government to be transparent, as well as the ability of citizens to demand and use information both of which may be constrained in low capacity setting Balochistan government had replaced the ineffective Balochistan Freedom of Information (FOI) Act, 2005, with an effective Balochistan Right to Information (RTI) Act, 2021. This was done essentially to ensure meaningful participation of citizens in the democratic process and, subsequently, to improve their involvement in and contribution to the larger domain of public affairs. There is no doubt that it is a move in the right direction aimed at improving service delivery matters, governance, transparency and accountability. Under the current RTI Act, public bodies are bound to provide the requested information within 15 working days. At the same time, under section 18 of the Act, the provincial government ought to constitute an information commission by appointing three information commissioners within 120 days of the commencement of the Act. This commission should be an independent statutory body which should be responsible for dealing with complaints, conducting hearings, issuing summons, conducting training of government officials. The Act, under section 6, also bounds the government to designate and notify public information officers (PIOs) in all administrative and attached departments. Sadly, more than two years have passed since the enactment, but the government seems unwilling to establish the required commission and it has not designated and notified the PIOs in any department. These PIOs will be responsible for providing the requested information and, in case of delay or denial, the Balochistan Information Commission (BIC) will have to take a decision over such complaints. Without the appellate body and the PIOs, the Act is toothless and dysfunctional, and, therefore, the people's right to information stands denied. The provincial departments do not share the requested information and the citizens are unable to lodge complaints in the absence of the BIC. It is essential that the provincial government in order to make effective RTI Act must establish BIC and appointment PIOs for all departments so that masses can use their right to information which is pre- requisite for the development of the province and improvement in performance of departments.

CS CamScanner

# Rekodik a catalyst for change

The Rekodik Project, nestled within the rich geological tapestry of the Chagai district in Balochistan, is poised to transform not only the local landscape but also the broader economic framework of Pakistan. At the heart of this ambitious endeavor lies the Rekodik site, which is recognized as one of the world's largest reservoirs of copper and gold. As we stand on the brink of a new phase in this monumental project, its potential repercussions demand our attention and consideration. Rekodik, surrounded by the stunning volcanic formations of the Chagai mountain range, is an integral part of the Tethyan magmatic arc, a geological marvel that harbors a wealth of mineral resources. With an estimated annual production capacity of 200,000 tonnes of copper and 250,000 ounces of gold for over 50 years, the implications of this project are staggering. Not only does it hold the promise of substantial economic output, but it also represents a crucial step towards bolstering Pakistan's energy independence. The project is set to commence production by 2028, heralding a new era for the nation's mining sector. The recent financial commitment from Saudi Arabia, which has pledged to invest 15 percent in the Rekodik mining project, underscores the growing international interest in this initiative. The restructuring completed in December 2022 marks a significant turning point, as it lays the groundwork for an operation that meets international standards. Barrick Gold Company, the project's managing entity, envidards. Barrick Gold Company, the project's managing entity, envisions that the Rekodik project will not only enhance its copper mining portfolio but also create a legacy of economic stability and prosperity for the future.

As highlighted by Barrick's CEO Mark Bristow, the Rekodik project is expected to generate approximately 8,000 jobs upon completion, with 4,000 long-term positions created during the initial production phase. The socio-economic benefits extend beyond mere employment opportunities; by tapping into its rich copper resources, Pakistan will significantly lessen its reliance on fossil fuels, fostering a more sustainable economic environment. This shift is crucial not only for Balochistan but for the nation as a whole, aiming to

P-2

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 25 SEP 2024 Page No. 22

reduce energy imports and stabilize costs project's reach extends into the realm of social development. The establishment of primary schools in Humai, Durban Chah, Nukundi, and Nokchah, along with vocational training initiatives, signifies a commitment to uplift the local populace through education. This investment in human capital is vital for long-term success and will ensure that the younger generations are equipped to thrive in a transformed economic landscape. In conjunction with educational endeavors, healthcare services are being bolstered through partnerships with organizations like the Indus Hospital and Health Network. Community health centers in Humai and Nukundi, along with mobile units for remote areas, are essential services that demonstrate a holistic approach to development. Furthermore, the implementation of purification plants reflects a commitment to enhancing the quality of life for the communities impacted by this project.

As the Rekodik Project takes shape, it must be viewed as more than just a mining initiative; it is a beacon of hope for Balochistan, symbolizing a path toward economic revitalization and social uplift-ment. The potential transformation of the region into a prosperous and peaceful province can serve as a model for other areas in Pakistan, contributing positively to the nation's overall stability and development. Rekodik project stands as a pivotal milestone in Pakistan's economic narrative, one that promises to bridge the gap between resource-rich regions and sustainable development. As we embark on this journey, it is imperative that all stakeholders remain committed to ensuring that the benefits of this project are equitably shared, fostering a brighter future for the people of Balochistan and, by extension, the entire country.

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: [illegible]

Bullet No. 6

Dated 25 SEP 2024 Page No 11




# بلوچستان میں گڈ گورننس کیلئے سی ایم آئی ٹی کی کاوشیں

تحریر: [illegible] اسسٹنٹ ڈائریکٹر پبلک ریلیشن ڈیپارٹمنٹ بلوچستان











[illegible]



[illegible]





**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 25 SEP 2024

Page No. 23

# بلوچستان میں گڈ گورننس کیلئے سی ایم آئی ٹی کی کاوشیں


بلوچستان میں مفاد عامہ کے اہم کاموں میں گڈ گورننس عوامی خدمات کی فراہمی ترقیاتی اسکیموں کی نگرانی فنڈز کے استعمال میں

**عبدالواحد اسسٹنٹ ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز ڈیپارٹمنٹ بلوچستان**

شفافیت یقینی بنانا اور سرکاری محکموں کی کوتاہیوں کو دور کرنا سی ایم آئی ٹی کیا اہم اور بنیادی کام ہیں بلوچستان میں سی ایم آئی ٹی اس سلسلے میں متحرکانہ کردار ادا کر رہی ہے ماضی میں ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر مانیٹرنگ نہ ہونے کی وجہ بلوچستان کے عوام ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات سے بھرپور انداز میں فائدہ نہ اٹھا سکیں رواں ماہ سی ایم آر ٹی ممبرز منظور حسین اور عبدالغفار اچکزئی نے ضلع لسبیلہ اور ضلع حب میں دورے کے پہلے مرحلے پر محکمہ اریگیشن پی ایچ ای کی جاری ترقیاتی اسکیمات کی انسپکشن کی ساکران سے متعلق بریفنگ بھی لی وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم نے 65 ملین کی لاگت سے سونمیانی تا کرکھارڑی اور 27 کروڑ کی لاگت چھٹی گوٹھ حب میں محکمہ اریگیشن کے زیرنگرانی حفاظتی بندات کی تعمیراتی منصوبے کی سائٹ کا معائنہ اور منصوبوں کی تکنیکی پہلوؤں کا جائزہ لینے کیساتھ پراجیکٹ اخراجات سے متعلق اریگیشن افسران سے بریفنگ لی سی ایم آر ٹی کی ٹیم نے پیرکس







پائپ لائن اسکیم پراجیکٹ سائٹ مانیٹرنگ کے دوران ایکسین پی ایچ ای حب بالاچ امیر اور ایس ڈی او منصور بزنجو کو زیرالتوا اسکیمات کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی ایکسین پی ایچ ای نے سی ایم آر ٹی ممبر کو بتایا کہ ضلع حب کی گنجان آبادی والے ایریاز گلشن امیر آباد مینگل آباد گلیکسی ٹاؤن اور غریب آباد میں پانی کی صاف فراہمی کا اہم منصوبہ ہے 6 کروڑ روپے لاگت کے اس منصوبے کی بروقت تکمیل ضروری ہیاکران اریگیشن کینال سے پمپنگ اسٹیشن زر گلیکسی ٹاؤن تک 8 کلومیٹر پر محیط پائپ لائن پراجیکٹ ہے اس منصوبے میں دو واٹر اسٹوریج ٹینک کی تعمیر منصوبے میں شامل ہے تاہم پراجیکٹ زیرالتوا ہونے کی وجہ سے عوام اس منصوبے کی تکمیل کے منتظر ہیں یہاں یہ بات قابل ذکر ہیکہ وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم محکموں کے ساتھ مل کر بہتر سروس کی فراہمی ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ممکن بنانے میں کوشاں اور خصوصی دلچسپی لے رہی ہے سی ایم آر ٹی ممبر نے محکمہ پی ایچ ای کے پمپنگ اسٹیشن مین تالاب سے گڈانی کو پانی فراہمی اور اریگیشن کینال سے پانی کی اسٹوریج تالاب میں زریاب ڈیلے ایکشن ڈیم کے زیرتعمیر منصوبے اور اسپیل وے کی ڈیزائن سے متعلقہ معلومات حاصل کیں اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے ایس ڈی او آصف عمرانی اور سب انجینئر میر محمد نے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کو جاری ترقیاتی منصوبوں کی ٹیکنیکل اور فنانشل پروگریس کے حوالے سے بریفنگ دی سی ایم آئی ٹی ممبرز منظور حسین اور عبدالغفار اچکزئی نے ضلع حب کی تحصیل وندر میں محکمہ مواصلات و تعمیرات بلڈنگ اور روڈ سیکٹر کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی انسپکشن کیلئے پراجیکٹ سائٹ کے دورے بھی کیے محکمہ مواصلات و تعمیرات بلڈنگ سیکشن کے سب انجینئر احسان نے سی ایم آر ٹی کو دس کروڑ روپے کی لاگت سے زیرتعمیر گرلز اسکول بلڈنگ اور چاردیواری کیجاری ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کروایا دوران انسپکشن اسکول برآمدے کے اور اندرون بلڈنگ کالم کی میٹیریل معیاری کوالٹی نہ ہونیکی نشاندہی پر دونوں کالم گرانے کا حکم دیا سی ایم آر ٹی نے 15 کروڑ روپیکی لاگت سے زیرتعمیر ہسپتال کے تعمیراتی منصوبے کی سائٹ کا دورہ کیا دوران انسپکشن تعمیر کی گئی بلاک میٹیریل کی کوالٹی کو چیک کیا گیا بعدازاں سی ایم آر ٹی ممبرز نے محکمہ مواصلات و تعمیرات روڈ سیکٹر کے سب انجینئر سردار علی شاہ کے ہمراہ روڈ سیکٹر کے جاری اور زیرتکمیل ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا دورے کے موقع پر ترقیاتی منصوبوں کی فنانشل اور ٹیکنیکل پروگریس کا جائزہ لیا گیا سی ایم آر ٹی نے 54 ملین کی لاگت سے حمزہ گوٹھ کی بلیک ٹاپنگ کے زیرتعمیر منصوبے کا معائنہ کیا محکمہ مواصلات و تعمیرات روڈ سیکٹر کے سب انجینئر نے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کو بتایا کہ کہ لنک منصوبے پر 14 ملین لاگت کے اخراجات آئے ہیں تین کلومیٹر کی لنک روڈ کی بلیک ٹاپنگ منصوبے میں شامل ہیوزیراعلیٰ معائنہ ٹیم نے اللہ بخش گوٹھ سے وزین انگاریہ گوٹھ تک تین کلومیٹر روز محبت خان خاشیلی گوٹھ سے غلام محمد گوٹھ تک روڈ کی تعمیر صالح سرمستانی گوٹھ اور امین پٹھان گوٹھ سیلنگ روڈز کے تعمیراتی منصوبوں کی پیشرفت اور ارتھ ورک کا جائزہ لیا ٹیم نے دورے کے موقع پر افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کوالٹی میٹریل کے استعمال کو یقینی بنائیں اور مقررہ مدت میں منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنائیں سی ایم آئی ٹی ممبر منظور حسین نے کہا کہ لنک روڈز کے تعمیراتی منصوبوں کی تکمیل سے وندر کے دیہی ایریاز میں مواصلات کی بہتر سہولیات لوگوں کو میسر ہونگی واضح رہے کہ سی ایم آر ٹی ترقیاتی منصوبوں میں مالیاتی پیش رفت اور تکمیل میں حائل رکاوٹوں کی نشاندہی کرنے کیساتھ منصوبوں کی پائیداری کو یقینی بنانےمیں کلیدی کردار ادا کرتی ہے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم سرکاری محکموں کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیعلاوہ عمارتوں کی تعمیراتی منصوبوں کی پائیداری اور کامیابی کیلئے ٹھوس سفارشات پیش مرتب کرتی ہے ضلع حب اور ضلع لسبیلہ کے عوامی حلقوں نے سی ایم آر ٹی کے حالیہ دورے اور مانیٹرنگ کیمل کو ترقیاتی منصوبوں کی پائیداری میں معاون قرار دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہیکہ چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کے دورہ لسبیلہ حب کی حقائق پر مبنی رپورٹس اور سفارشات پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز وزارت پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کے مجاز حکام ضرور ایکشن لیں گے اور صوبے میں انسداد بدعنوانی کی روک تھام پائیدار ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل و کامیابی میں کلیدی کردار ادا کرینگے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 25 SEP 2024 Page No.



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر سے چیئرمین پی
ایم یوتھ پالیسی مشہود احمد ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے چیئرمین پی ایم یوتھ پالیسی رانا مشہود احمد ملاقات کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

مت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 25 SEP 2024 Page No.



صحبت پور، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ سے حلقے کے عوام مصافحہ کر رہے ہیں



صوبائی مشیر ڈاکٹر ربابہ بلیدی کو نیوی کمانڈنٹ آفیسر عبداللہ صدیقی یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: بلوچستان نیوز
Page No. 12
Bullet No. 6
Dated 25 SEP 2024

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا محکمہ جاتی اصلاح وسروس ڈلیوری کی بہتری کا عزم

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز ایک بار پھر اپنے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ان کی زیر قیادت موجودہ مخلوط صوبائی حکومت عوام کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی اور محکمہ جاتی اصلاحات کے ذریعے سروس ڈلیوری کے نظام کو بہتر بنانا اس حکومت کی اولین ترجیح ہے لہٰذا صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی اور متعلقہ حکام اس مقصد کے حصول کے لئے اپنا فعال ومتحرک کردار ادا کریں۔ وزیراعلیٰ نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز یہاں کوئٹہ میں صوبائی وزراء میر صادق عمرانی، بخت محمد کاکڑ، زرین خان مگسی سے ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزراء و پارلیمانی سیکرٹری نے وزیرعلیٰ سے ملاقات کرکے عوامی مسائل کے حل کے لئے اٹھائے گئے اقدامات اور اپنے اپنے محکموں کے انتظامی امور سے متعلق وزیراعلیٰ کو آگاہ کیا۔ چونکہ اس روز پشتون کلچر ڈے بھی منایا جارہا تھا سو اس دن کی مناسبت سے وزیراعلیٰ کو صوبائی وزیر صحت نے پشتون روایتی پگڑی کا تحفہ بھی پیش کیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ قومی سطح پر ثقافتوں کو اجاگر کرکے ہی قومی یکجہتی کو فروغ دیا جاسکتا ہے پاکستان میں بسنے والی تمام قومیں قومی جذبے کے ساتھ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار ادا کررہی ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی باتوں سے ہمیں سو فیصد اتفاق ہے اور یہی حقیقت بھی ہے کہ بلوچستان جہاں دیگر حوالوں سے مالا مال اور اس پر اللہ تبارک وتعالیٰ کا خاص کرم ہے وہاں یہ صوبہ قدیم تہذیبوں اور ثقافتوں کا بھی مرکز ہے اور یہ مختلف زبانیں بولنے والوں مختلف اکائیوں کا ایک ایسا حسین گلدستہ ہے جس پر ہمیں فخر ہے ہمیں ایک دوسرے کی تہذیب، ثقافت اور رسوم وروایات کا احترام کرتے ہوئے یہ عہد کرنا چاہئے کہ ہم سب مل کر ملک اور صوبے کی تعمیر وترقی کے لئے اپنا کردار ادا کریں گے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے صوبائی وزراء سے بات چیت کرتے ہوئے ایک بار پھر سروس ڈلیوری کے نظام کو بہتر بنانے اور اچھی طرز حکمرانی کو یقینی بنانے کے حوالے سے بھی دوٹوک عزم کا اعادہ کیا ان کا کہنا تھا کہ محکمہ جاتی اصلاحات کے ذریعے سروس ڈلیوری کے نظام کو بہتر بنانا ہماری ترجیح ہے تاکہ عوام کو درپیش مسائل حل کئے جاسکیں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز اور اراکین اسمبلی عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لئے متحرک کردار ادا کریں وزیراعلیٰ نے وزراء اور پارلیمانی سیکرٹریز سے کہا کہ وہ اپنے اپنے محکمے میں ہر سطح پر جوابدہی اور چیک اینڈ بیلنس کا موثر نظام قائم کریں اور زیر التواء سرکاری اور عوامی امور کو نمٹائیں، عام آدمی کی شنوائی کے لئے موثر

میکنزم تشکیل دیکر اس پر عمل درآمد یقینی بنائیں وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ محکموں کو فعال کرکے سروس ڈلیوری بہتر بنائیں گے کیونکہ گورننس کی بہتری سے ہی عوامی مسائل کا دیرپا حل ممکن ہے اس سے پہلے بھی متعدد بار وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے ہر حد تک جانے، تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے، محکمہ جاتی اصلاح وبہتری اور سروس ڈلیوری کے نظام میں بہتری کے حوالے سے دوٹوک اقدامات کا عزم ظاہر کرتے آئے ہیں گزشتہ روز بھی انہوں نے اسی عزم کا اعادہ کیا اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس مقصد کے لئے وزیراعلیٰ نے صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی اور متعلقہ حکام کو جو تاکید کی ہے اس پر فوری عملدرآمد کی ضرورت ہے سروس ڈلیوری کے نظام میں بہتری، عام آدمی کے مسائل کے حل کا نظام سہل اور آسان بنانے، ہر محکمے میں جدت، بہتری، اصلاح احوال کی ضرورت ہے اور اگر صاف لفظوں میں کہیں تو بلوچستان کی غربت، پسماندگی اور احساس محرومی کے پیچھے ایک محرک یہ بھی کارفرما ہے کہ عام آدمی کے مسائل کے حل کے لئے شروع دن سے وہ توجہ نہیں دی گئی جس کی ضرورت تھی اچھی اور عوام دوست طرز حکمرانی کسی بھی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہوتی ہے مگر یہ ایک بہت بڑا المیہ ہے کہ بلوچستان کو صوبے کا درجہ ملنے کے بعد یہاں بننے والی اکثر حکومتوں نے اس بنیادی ذمہ داری کی بجاآوری نہیں کی حکومتیں آئیں وقت گزاری کی اور چلی گئیں مگر عوام کے مسائل حل ہوئے نہ جدت بہتری اور اصلاح احوال کا ہدف حاصل ہوسکا اور نہ ہی افسر شاہی کو عوام کو جوابدہ بناکر ملک وصوبے کے لئے فعال ومتحرک کردار کرنے کا پابند بنایا جاسکا آج بھی بلوچستان میں عام آدمی اپنی چھوٹی چھوٹی عرضی اور درخواستوں کو لے کر ہفتوں ہفتوں اور بسا اوقات مہینوں مہینوں تک دفاتر کے چکر کاٹتا رہتا ہے اور تو اور یہاں کوئٹہ میں جو صوبائی دارالحکومت ہے یہاں کے سول سیکرٹریٹ جاکر آپ آنے والے سائلین سے بات کریں آپ کے چودہ طبق روشن ہوجائیں گے کوئی سائل چاغی سے آیا ہے کیونکہ شیرانی ژوب اور تربت سے اس قدر دور دراز علاقوں سے کوئٹہ آنے کے بعد ہفتوں ہفتوں انہیں دفاتر کے چکر لگوائے جاتے ہیں کبھی سیکرٹری صاحب دفتر میں نہیں ہوتے کبھی میٹنگ میں ہوتے ہیں کبھی افسران کی ہڑتال ہوتی ہے کبھی سیکرٹریٹ یونین والوں کی یہ ہم فقط مثال دے رہے ہیں یہ سارے عوامل مل کر صوبے کے مسائل میں اضافے کا باعث بن رہے ہیں ان مسائل کے حل کے لئے ضروری ہے کہ تمام جماعتیں اور بیوروکریسی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا ساتھ دیں تاکہ محکمہ جاتی اصلاح وسروس ڈلیوری کی بہتری کے عزم کو عملی جامہ پہنایا جاسکے اور صوبہ تیزی سے تعمیر وترقی کے منازل طے کرے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 6

Daily: JANG QUETTA

Dated: 25 SEP 2024

Page No. 16

## کوئٹہ میں غیر اعلانیہ طویل لوڈشیڈنگ جاری' وولٹیج میں کمی بیشی

**معمولات زندگی متاثر، قیمتی برقی آلات خراب ہونے لگے، کیسکو حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ وولٹیج میں کمی اور لوڈشیڈنگ سے لوگوں کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا ہے کوئٹہ شہر اور گرد و نواح میں بجلی کے بار بار ٹرپ ہو رہی ہے جس کی وجہ سے قیمتی اشیا خراب ہو گئیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق بجلی سے متعلق بارہا کیسکو حکام کو شکایات درج کرائی ہیں تاہم اس پر کوئی ایکشن نہیں لیا جا رہا ہے۔ مجبوراً ہمیں احتجاج کا راستہ اختیار کرنا پڑے گا۔ صوبائی حکومت کیسکو حکام کو غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ختم کرنے اور وولٹیج پورا کرنے کا پابند بنائیں تاکہ لوگوں کو درپیش مشکلات میں کمی آسکے بصورت دیگر تمام تر صورتحال کی ذمہ داری حکومت وقت پر عائد ہوگی۔

## صوبائی دارالحکومت، ہسپتالوں کے سامنے رکشوں کی قطاریں

**ٹریفک جام معمول بن گیا**

**ایمرجنسی صورتحال میں مریضوں کی زندگیاں خطرے میں' ٹریفک روانی برقرار رکھنے کیلئے سخت اقدامات کئے جائیں' عوامی حلقے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے اکثر علاقوں میں غلط پارکنگ کے باعث ٹریفک جام ہسپتالوں کے باہر بھی گاڑیوں کی دو دو تین تین قطاریں مریضوں کیلئے مشکلات تفصیلات کے مطابق شہر کی شاید چند ایک سڑکیں ہونگی جہاں پر غلط پارکنگ نظر نہیں آتی دیگر تمام سڑکوں پر باقاعدگی سے ٹریفک جام ہوتا یہ صورتحال اس وقت اور بھی خراب ہو جاتی ہے جب ہسپتالوں کے باہر گاڑیوں اور رکشوں کا ہجوم ہوتا ہے اور کسی ایمرجنسی کی صورت میں ہسپتالوں میں داخل ہونا تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے عوامی وسماجی حلقوں نے ٹریفک پولیس کے اعلیٰ حکام کی توجہ اس جانب مبذول کرائی ہے کہ وہ سول ہسپتال کوئٹہ کے ارد گرد چلڈرن ہسپتال جناح روڈ اور دیگر علاقوں میں رکشوں اور گاڑیوں کی غیر قانونی پارکنگ کا تدارک کریں کوئٹہ میں اب بھی گاڑیوں کی تعداد زیادہ نہیں بلکہ انہیں درست طریقے سے پارک کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ اگر گاڑی غلط پارک ہوتی ہے تو تمام ٹریفک جام ہو جاتی ہے اسی طرح ڈبل پارکنگ کی کسی صورت اجازت نہیں نہ دی جائے روزانہ ہسپتالوں کے باہر ٹریفک بری طرح جام ہوتی ہے ریڑھی بان بھی وہاں آ جاتے ہیں رکشے مستقل کھڑے رہتے ہیں عوامی و سماجی حلقوں نے ٹریفک پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے فوری طور پر اقدامات کی ضرورت ہے۔

## کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں غیر قانونی منی پٹرول پمپس کی بھرمار

**قومی خزانے کو بھاری نقصان**

**آتشزدگی کے واقعات بھی بڑھ گئے' انسداد سمگلنگ کے ادارے بھی خاموش' منی پٹرول پمپس کیخلاف سخت کارروائی کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں منی پٹرول پمپس کی بھرمار، شہریوں کیلئے جان کا خطرہ بن گئے، متعلقہ حکام خاموش قومی خزانہ کو بھی سالانہ ربوں روپے کا ٹیکہ، آتشزدگی کے واقعات میں تیزی سے اضافہ، تفصیلات کے مطابق شہر کے وسطی و نواحی ہاتوں میں جگہ جگہ منی پٹرول پمپس قائم ہیں جہاں رعام ایرانی پٹرول ڈیزل فروخت کیا جاتا ہے جبکہ ز منی پٹرول پمپس انتہائی گنجان آبادی والے وں میں قائم ہیں اور معمولی آتشزدگی کی صورت بھی بڑا جانی و مالی نقصان ہونے کا خدشہ ہے جبکہ قریب میں بھی منی پٹرول پمپس میں آتشزدگی اقعات کے باعث جانی و مالی نقصانات ہوئے بکہ منی پٹرول پمپس میں آتشزدگی سے نمٹنے کے لیے بھی کوئی سامان موجود نہیں ہوتا دوسری جانب ایرانی پٹرول و ڈیزل کی فروخت سے قومی خزانہ کو بھی سالانہ کروڑوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے لیکن قابل افسوس امر یہ ہے کہ انسداد سمگلنگ کے اداروں کی جانب سے سرحدوں پر پٹرولیم مصنوعات کی روک تھام کیلئے کوئی ٹھوس اقدامات نہیں کئے جاتے عوامی وسماجی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ فی الفور شہر میں منی پٹرول پمپس پر پابندی عائد کی جائے اور سرحدوں پر پٹرول کی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ میں منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ افراد نے سر اٹھا لیا

**پولیس کے اعلیٰ حکام نوٹس لیکر جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے**

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں ایک بار پھر منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ افراد نے سر اٹھا لیا منشیات استعمال ہونے سے نوجوان نسل تباہی کے دہانے پر جبکہ جرائم پیشہ افراد کی وجہ سے غریب عوام آئے روز قیمتی اشیاء اور موبائل سے محروم ہو جاتے ہیں پولیس کے اعلیٰ حکام نوٹس لیکر جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے واضح رہے کہ اس وقت کوئٹہ اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں نوجوان نسل کو کھیل کے مواقع نہ دینے کی وجہ سے ........

بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

منشیات کے عادی افراد کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے اس وقت کوئٹہ کے مین شاہراہوں پر نہ صرف منشیات استعمال ہوتے ہیں بلکہ بااثر افراد منشیات فروخت بھی کرتے ہیں جس سے منع کرنے والا کوئی نہیں ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ اس مکروہ دھندے میں پولیس بھی ملوث ہے اسی طرح جرائم پیشہ افراد سرعام آ کر لوگوں سے نقدی موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین کر باآسانی فرار ہوتے ہیں منشیات اور جرائم میں اضافہ ہونے سے عوام ذہنی کوفت کا شکار ہو گیا ہے

CamScanner